21-12-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

ا۔صدر جمہوریہ ہند دروپدی مرمو نے وکست بھارت ۔اُپادھی اجیویکا گیارنٹی مشن گرامین بل 2025 کو اپنی منظوری دے دی۔

ا۔ ہندوستان کے چیف الیکشن کمشنر گیانش کمار نے کہا کہ ہمارے ملک میں جمہوریت کی بقاء میں انتخابات اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

۳۔چیف منسٹر ریونت ریڈی نے کہا کہ میڈارم جاترا کے لئے ترقیاتی کام کئے جا رہے ہیں جس کا مقصد آنے والی نسلوں کے سامنے میڈارم سمکا سارالماں کی تاریخ پیش کرنا ہے۔

اور

۴۔تلنگانہ اسپورٹس اتھارٹی کے چیرمین کے شیوا ریڈی نے کہا کہ ریاستی حکومت کھلاڑیوں کو مناسب مراعات اور سہولیات فراہم کرنے کے منصوبہ تیار کرے گی۔

SAJNAR

حیدرآباد کے سٹی پولیس کمشنر سجنار نے واضح کیا ہے کہ کم عمر بچے اگر گاڑی چلاتے ہوئے پولیس کو پکڑے جاتے ہیں سخت کاروائی کی جائیگی ۔انہوں نے کہا کہ کم عمر بچے گاڑی چلاتے ہوئے حادثات پیش آنے پر گاڑی کا مالک کی ذمہ دار ہوگا۔سٹی پولیس کمشنر نے کہا کہ اس سلسلے میں والدین اور گاڑی مالکان کو خصوصی توجہ دینی ہوگی ۔اور ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کے صورت میں سخت کاروائی کی جائے گی ۔انہوں نے اپیل کی کہ سڑک حادثات پر قابو پانے کے لئے شہریوں کو تعاون کرنا ہوگا۔

Kishan Reddy

مرکزی وزیر کشن ریڈی نے کھلا خط لکھتے ہوئے کہا کہ ریاست میں چھ گارنٹیوں کی عمل آوری میں ریاستی حکومت ناکام ہوچکی ہے۔اوراس سلسلے میں حکومت کی رہنمائی کرنے کانگریس کی سرکردہ قائد سونیا گاندھی مانگ کی۔انہوں نے خط میں واضح کیا کہ گذشتہ اسمبلی انتخابات میں کانگریس پارٹی نے اقتدار حاصل کرنے کے لئے وعدے کئے تھے۔لیکن اقتدار میں آنے کے حکومت گارنٹیوں کو موثر طریقے سے نافذ نہیں کررہی ہے۔

Urea

ریاستی حکومت نے کسانوں کے لیے اپنے گھروں سے یوریا بک کرنے کے لیے کھاد بکنگ ایپ متعارف کیا ہے۔ یہ ایپ پہلے ہی 10 اضلاع میں دستیاب ہے اوراس ایپ کی خدمات کوکل سے ریاست بھرمیں پھیلا دیا جائے گا۔محکمہ زراعت کے حکام نے کسانوں کومشورہ دیاہے کہ وہ اس ایپ کو ڈاؤن لوڈ کریں۔کاشتکار رقبہ کے مطابق اس ایپ میں اپنی تفصیلات درج کریں۔وہ اس کے ذریعے یہ دیکھ کراپنا نام رجسٹر کرواسکتے ہیں کہ کس دکان میں یوریا دستیاب ہے،اوراگر وہ ایپ میں فصل کی رجسٹریشن کے دوران دیا گیا موبائل نمبر ڈالیں گےتو انہیں ایک او ٹی پی ملے گا،اوراس او ٹی پی کو فیڈ کرنے سے مکمل معلومات دستیاب ہوں گی۔عہدیداروں نے کہا کہ کسان یوریا بکنگ کے 24 گھنٹے کے اندر متعلقہ دکانوں پر جائیں بصورت دیگر بکنگ منسوخ کردی جائے گی۔

Railway Charges

انڈین ریلوے نے مسافر ٹکٹ کے کرایوں میں اضافے کا اعلان کیا ہے۔ عام کلاس میں 215 کلومیٹر تک کے کرایوں میں اضافہ نہیں کیا گیا ہے۔اس فاصلے سے آگے کے سفر کے لیے عام کلاس

میں کرایوں میں ایک پیسے فی کلومیٹر اضافہ کیا گیا ہے۔ یہ بھی کہا گیا ہے کہ میل، ایکسپریس، نان اے سی اور اے سی کلاسز کے کرایوں میں 2 پیسے فی کلومیٹر اضافہ کیا گیا ہے۔ ریلوے نے اعلان کیا کہ بڑھے ہوئے کرایوں کا اطلاق جاریہ ماہ کی 26 تاریخ سے ہوگا۔

BRS Meeting

بی آر ایس پارٹی کے صدر کے چندر شیکھر نے کہا کہ ریاست میں حکومت کی مخالفت واضح طور پر دکھائی دے رہی ہے اور بی آر ایس نے گرام پنچایت انتخابات میں بہتر نتائج حاصل کئے ہیں۔ انہوں نے آج تلنگانہ بھون میں منعقدہ بی آر ایس کے وسیع پیمانے پر اجلاس میں شرکت کی اور اجتماع سے خطاب کیا۔ انہوں نے گرام پنچایت انتخابات کے نتائج کو ریاستی حکومت کے لئے سبق قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ کانگریس حکومت اپنی حکومت کے دور میں لاگو کی گئی کئی اسکیموں کو آہستہ آہستہ روک رہی ہے اور پہلے یوریا کسانوں کے گھر اور کھیتوں میں آتا تھا لیکن اب کسانوں کو یوریا کے لئے بہت سی مشکلات کا سامنا ہے۔

Medaram

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے کہا کہ میڈارم جاترا کے لئے ترقیاتی کام کئے جا رہے ہیں جس کا مقصد آنے والی نسلوں کے سامنے میڈارم سمکا سارالماں کی تاریخ پیش کرنا ہے۔ چیف منسٹر نے آج اپنی رہائش گاہ پر 2026 سمکا سارالماں جاترا کا پوسٹر جاری کیا۔ وزیر اعلیٰ نے سمکا سارالماں کی تعریف کی جنہوں نے غریبوں اور قبائلی بچوں کے لئے جدوجہد کی اور بے لوث اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا، جو کہ آنے والی نسلوں کے لئے تحریک ہے۔ انہوں نے کہا کہ تلنگانہ کی تاریخ میں ان کا جدوجہد کا جذبہ اور ابتدائی صلاحیتیں مضبوط رہیں گی۔ اس پروگرام میں ریاستی وزرا سیتا اکا، کونڈا سریکھا،

پونگولیٹی سرینواس ریڈی، اے لکشمن کمار اور مولوگوڈ سٹرکٹ کلکٹر دیوا کرنے حصہ لیا۔ میڈارم جسے ایشیا کا سب سے بڑا قبائلی میلہ کہا جاتا ہے 28 سے 31 جنوری تک منعقد ہوگا۔

Sports Meet

تلنگانہ اسپورٹس اتھارٹی کے چیرمین کے شیوا ریڈی نے کہا کہ ریاستی حکومت قومی اور بین الاقوامی کھیلوں میں بہترین کارکردگی دکھانے کے لئے کھلاڑیوں کو مناسب مراعات اور سہولیات فراہم کرنے کے منصوبہ تیار کرے گی۔ انہوں نے آج ونپرتی میں ضلعی سطح کے کھیلوں کے اجلاس کی اختتامی تقریب میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ انہوں نے کہا کہ کھیل طلباء اور نوجوانوں کو جسمانی اور ذہنی طور پر مضبوط بناتے ہیں اور کھلاڑی اعتماد کے ساتھ کھیلوں کے مقابلوں میں حصہ لے کر کامیابی حاصل کریں۔ انہوں نے تقریب میں جیتنے والوں میں انعامات تقسیم کیے۔

Sound Byte.

Lok Adalat

کئی سالوں سے زیر التوا مقدمات کو حل کرنے کیلئے آج ریاست بھر کی مختلف ضلعی عدالتوں میں قومی لوک عدالت پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔ اس پروگرام میں ضلعی ججوں کے ساتھ دیگر کئی ججوں نے بھی شرکت کی۔ ضلعی ججوں نے مشورہ دیا کہ فریقین آپس میں تال میل سے کام کریں اور ثالثی کے ذریعہ مقدمات کو حل کریں۔ اس موقع پر ملوگوڈ سٹرکٹ جج نے آل انڈیا ریڈیو سے بات کی۔

Mulugu Byte.

انہوں نے کہا کہ اس لوک عدالت میں فوجداری مقدمات، بینک کلیم، چیک باؤنس کے معاملات، خاندانی تنازعات، قرض، وعدہ نامہ کے تنازعات کو حل کیا جا سکتا ہے۔ ججوں نے کہا کہ لوک عدالت

وقت اور پیسہ ضائع کئے بغیر مقدمہ دائر کرنے والوں کے لئے ایک نعمت بن گئی ہے۔ محبوب آباد کے ڈسٹرکٹ جج نے لوک عدالت کی اہمیت کے بارے میں آن ایر بات کی۔

Mahabubabad Byte.

قومی لوک عدالت پروگرام کے تحت محبوب نگر، کریم نگر، کھمم ،نلگنڈہ ،آصف آباد، ملوگو، ونپرتی ، راجنا سرسلا، جگتیال اور محبوب آباد کی ضلعی عدالتوں میں آج کئی مقدمات کو حل کیا گیا۔

CEC

ہندوستان کے چیف الیکشن کمشنر گیانش کمار نے کہا کہ ہمارے ملک میں جمہوریت کی بقاء میں انتخابات اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بوتھ لیول افسران ان آزادانہ اور منصفانہ انتخابات میں تربیت یافتہ سپاہیوں کی طرح کلیدی کردار ادا کر رہے ہیں اور ان کی خدمات مثالی ہیں۔ انہوں نے تلنگانہ میں جلد ہی ووٹر لسٹوں کی خصوصی نظر ثانی کے کامیاب انعقاد پر زور دیا۔ وہ دونوں تلگو ریاستوں کے تین روزہ دورے پر ہیں۔ آج انہوں نے حیدرآباد میں بوتھ لیول افسران سے ملاقات کی۔ فی الحال، ایس آئی آر ملک کی 12 ریاستوں میں جاری ہے اور ایس آئی آر جلد ہی باقی ریاستوں میں بھی شروع کیا جائے گا۔ اس بات کا انہوں نے انکشاف کیا۔

Sound Byte CEC

G Ram G Bill

صدر جمہوریہ ہند دروپدی مرمو نے وکست بھارت - اُپادھی اجیویکا گیارنٹی مشن گرامین بل 2025 کو اپنی منظوری دے دی ہے، جس میں دیہی روزگار پیدا کرنے میں ایک اہم تبدیلی کی تجویز ہے۔ صدر جمہوریہ جو اس وقت موسم سرما کی تعطیلات کے تحت حیدرآباد میں ہیں نے اس بل کو اپنی منظوری

دے دی ہے جسے حال ہی میں پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں سے منظور کیا گیا تھا۔ ایکٹ کے تحت دیہی علاقوں میں ایک مالی سال میں 125 دنوں کے لئے لازمی معاوضہ روزگار فراہم کرنے کی تجویز ہے۔ مرکزی حکومت نے بنیادی طور پر دیہی علاقوں کو بااختیار بنانے کے لئے تسلی بخش سطح پر خدمات فراہم کر کے دیہی ہندوستان کو مزید مضبوط کرنے کے لئے ایک نیا قانون بنایا ہے۔

○○